مجھ معلوم ہ کہ میں مقرن کے سات بیٹوں میں سے ساتواں تھا ہمارے پاس صرف ایک خادمہ تھی ہمارے سب سے چھوٹے بھائی نے اسے طمانچہ مار دیا تو رسول اللہ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اسے آزاد کردیں

ابو علی سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے معلوم ہ کہ میں مقرن کے سات بیٹوں میں سے ساتواں تھا (یعنی ہم سات بھائی تھے) ہمارے پاس صرف ایک خادمہ تھی ہمارے سب سے چھوٹے بھائی نے اسے طمانچہ مار دیا تو رسول اللہ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اسے آزاد کردیں ایک روایت میں «سابع إخوة لي» کے الفاظ ہیں یعنی میں اپنے بھائیوں میں ساتواں تھا

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

سوید بن مقرن بتا رہے ہیں کہ میں بنی مقرن کے سات بھائیوں میں سے ایک تھا جو سب کے سب صحابہ اور مہاجر تھے اس خصوصیت میں کوئی اور شخص ان کا شریک نہیں یعنی ہجرت کرنے میں سات بھائی شریک ہوں ہم ساتوں کی خدمت کے لئے ایک ہی باندی تھی ہم میں سے سب سے چھوٹے نے اس کے گال پر تھپڑ مار دیا تو آپ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اسے غلامی سے آزاد کردیں تاکہ اس کی آزادی اسے مارنے کا کفارہ بن جائے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/8894